نیشنل انڈر19 تھری ڈے ٹورنامنٹ کے تیسرے راؤنڈ کے میچز کا احوال

لاہور،14نومبر 2020 :

سدرن پنجاب اور سندھ کی انڈر19 ٹیموں کے مابین مرید کے کنٹری کلب میں جاری تین روزہ میچ میں سدرن پنجاب نے دفاعی چیمپئن سندھ کے خلاف دوسری اننگز میں 43رنز کہ برتری حاصل کرلی ہے جبکہ اس کی ابھی 9وکٹیں باقی ہیں۔ میچ کے دوسرے روز خراب روشنی کے باعث صرف 48اوورز کا کھیل ہی ممکن ہوسکا۔عزیر ممتاز30اور محمد شہزاد13 کے انفرادی اسکور سے میچ کے آخری روز سدرن پنجاب کی جانب سے ایک وکٹ کے نقصان پر67رنز سے کھیل کادوبارہ آغاز کریں گے۔

اس سے قبل سدرن پنجاب نے 18 اوورز میں 2 وکٹوں کے نقصان پر78 رنز سے اپنی پہلی اننگز کا دوبارہ آغاز کیا تو فاسٹ باؤلر طاہر حسین اور اسپنر فیصل اکرم نے میچ کے دوسرے روز قدرے بہتر باؤلنگ کا مظاہرہ کیا۔ سندھ کی پوری ٹیم 207 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی. طاہر حسین نے 5 جبکہ فیصل اکرم نے 4وکٹیں حاصل کیں۔ سدرن پنجاب کی پوری ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 56.1 اوورز میں 183 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی تھی۔

دوسری جانب جڑواں شہروں میں آج ہونے والی بارش کی وجہ سے وہاں شروع ہونے والے دونوں میچوں میں دن کے لیے مقررہ اوورز کا کھیل ممکن نہ ہوسکا۔خراب روشنی اور آؤٹ فیلڈ گیلی ہونے کے باعث ایوب پارک گراؤنڈ راولپنڈی میں ناردرن اور بلوچستان کے مابین جاری میچ کے پہلے روز صرف 21 اوورز کا کھیل ہی ہوسکا۔ناردرن نے بلوچستان کی دعوت پر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 3 وکٹوں کے نقصان پر100 رنز بنائے تھے کہ میچ خراب روشنی کے باعث روک دیا گیا جو بعد ازاں شروع ہی نہ ہوسکا۔عبدالفصیح 40اور مبصر خان 7 رنز سے میچ کے دوسرے روز کا آغاز کریں گے۔بلوچستان کے حکمت اللہ 2وکٹیں حاصل

کر چکے ہیں۔

ادھر شالیمار گراؤنڈ اسلام میں سنٹرل پنجاب اور خیبر پختونخوا کے درمیان جاری میچ کے پہلے روز 51 اوورز کا کھیل ہوا، جہاں سنٹرل پنجاب نے 5 وکٹوں کے نقصان پر 160 رنز بنالیے ہیں۔ پانچوں کھلاڑیوں کو کے پی کے اسپنر ذیشان احمد نے آؤٹ کیا۔ پہلے روز سنٹرل پنجاب کے اوپنر شاویز عرفان 66 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہے۔ کپتان محمد حریرہ 40 اور بلال منیر صفر کے انفرادی اسکور سے میچ کے دوسرے روز کا آغاز کریں گے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

About the National U19 Three-Day Tournament

- *The National Three-Day Cricket Tournament 2020-21 for the teenagers will be played from 5 November and the final, a four-day affair to be played at the Gaddafi Stadium, will begin on 26 November*
- *Three cities will host 16 matches at four venues, namely Country Club Ground, Muridke (2); Gaddafi Stadium, Lahore (6); LCCA Ground, Lahore (5); Rana Naveed Academy, Sheikhupura (3). Detailed schedule is here*
- *PKR2.5million are up for grabs in the tournament as the winning team will bag PKR1.5million and the best performers will receive PKR50,000 each*
- *Sindh will be defending the title they won after defeating Northern by seven wickets in Sheikhupura*
- *To ensure health and safety of the players and all those involved, the tournament is played under strict Covid-19 protocols*
- *The tournament serves as a platform for the up and coming cricketers to impress the selectors and stake a claim in Pakistan U19 side. The six Cricket Association U19 squads are available here*

HELP PREVENT CORONAVIRUS

National Team Partners

pepsi easypaisa SABROSO Lifebuoy

Domestic Partners

TUC TAPAL DANEDAR Surf excel

- www.pcb.com.pk
- @therealpcb
- @PakistanCricketBoard
- @PakistanCricketOfficial
- @therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4